

# اَلْجُمُعَة

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ
الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾

تسبیح کرتی ہے اللہ کی ہر چیز جو آسمانوں میں ہے
اور ہر چیز جو زمین میں ہے ۔ بادشاہ ہے نہایت
مقدس زبردست بڑی حکمت والا ۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا
مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ
وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ
كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ ﴿۲﴾

وہی ہے جس نے اٹھایا امیوں میں ایک رسول
انہی میں سے جو پڑھتا ہے انکے سامنے اسکی
آیتیں اور پاک کرتا ہے انکو اور تعلیم دیتا ہے
انہیں کتاب اور حکمت کی اور اگرچہ وہ تھے
اس سے پہلے کھلی گمراہی میں ۔

وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾

اور دوسرے ان میں سے ابھی نہیں جو ملے
ان سے ۔ اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے ۔

ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ٤

یہ فضل ہے اللہ کا وہ عطا فرماتا ہے جسے چاہتا ہے ۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

مَثَلُ الَّذِيۡنَ حُمِّلُوا التَّوۡرٰىةَ ثُمَّ لَمۡ يَحۡمِلُوۡهَا كَمَثَلِ الۡحِمَارِ يَحۡمِلُ اَسۡفَارًا ؕ بِئۡسَ مَثَلُ الۡقَوۡمِ الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ٥

مثال انکی جن کو حامل بنایا گیا تورات کا پھر نہ اٹھایا انہوں نے اسے ایسی مثال ہے کہ گدھا جس پر لدی ہوں کتابیں ۔ بری ہے مثال ان لوگوں کی جنہوں نے تکذیب کی اللہ کی آیتوں کی ۔ اور اللہ نہیں ہدایت دیتا ظالم لوگوں کو۔

قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ هَادُوۡۤا اِنۡ زَعَمۡتُمۡ اَنَّكُمۡ اَوۡلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنۡ دُوۡنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الۡمَوۡتَ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ٦

کہدو اے وہ لوگوں جو یہودی ہوئے اگر تمہارا یہ دعوٰی ہے کہ تم ہی دوست ہو اللہ کے سوائے دوسرے لوگوں کے تو آرزو کرو موت کی اگر تم سچے ہو۔

وَلَا يَتَمَنَّوۡنَهٗۤ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِالظّٰلِمِيۡنَ ٧

اور نہیں یہ آرزو کریں گے کبھی بھی بسبب اسکے جو بھیج چکے ہیں آگے انکے ہاتھ ۔ اور اللہ خوب واقف ہے ظالموں سے ۔

| | |
|---|---|
| قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ | کہدو بیشک موت وہ جس سے بھاگتے ہو تم وہ تو ضرور ملنے والی ہے تم سے پھر تم لوٹائے جاؤ گے اس کی طرف جو جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا ۔ پھر وہ سب تمہیں بتائے گا جو کچھ تم کرتے رہے ہو۔ |
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو جب اذان دی جائے نماز کے لئے جمعہ کے دن تو دوڑو اللہ کے ذکر کیطرف اور ترک کر دو خرید و فروخت۔ یہ ہے بہتر تمہارے لئے اگر تم سمجھتے ہو۔ |
| فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿١٠﴾ | پھر جب پوری ہو جائے نماز تو پھیل جاؤ زمین میں اور تلاش کرو اللہ کا فضل اور ذکر کرتے رہو اللہ کا کثرت سے تا کہ تمہیں فلاح نصیب ہو۔ |
| وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا ۨانْفَضُّوْۤا | اور جب یہ دیکھتے ہیں تجارت یا کھیل تماشا تو |

| | |
|---|---|
| اِلَيۡهَا وَتَرَكُوۡكَ قَآئِمًا ؕ قُلۡ مَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَيۡرٌ مِّنَ اللَّهۡوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ۝١١ | لپک جاتے ہیں اسکی طرف اور چھوڑ دیتے ہیں تمہیں کھڑا ۔ کہدو کہ جو چیز اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے کھیل تماشے سے اور تجارت سے ۔ اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔ |